3267 ـ نماز میں رفع الیدین کن کن جگہوں پر ہے

سوال

میں نماز میں رفع الیدین کرنے کے متعلق جاننا چاہتا ہوں، اس کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نماز میں چار جگہوں پر رفع الیدین کرنا مسنون ہے:

تکبیرِ تحریمہ کے ساتھ، رکوع سے پہلے، رکوع سے سر اٹھانے کے بعد، اور پہلے تشہد سے کھڑے ہوتے وقت، چنانچہ اس بارے میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ: "نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت نماز میں داخل ہوتے تو تکبیر کہتے اور رفع الیدین کرتے، جس وقت رکوع کرتے تو رفع الیدین کرتے، اور جب "سَمِعَ اللَّہُ لِمَنْ حَمِدَہُ" کہتے تو رفع الیدین کرتے، اسی طرح جب دو رکعتوں سے کھڑے ہوتے تو رفع الیدین کرتے" بخاری: (2/222) ابو داود: (1/197)

حدیث کے الفاظ : " دو رکعتوں سے کھڑے ہوتے تو رفع الیدین کرتے " کا مطلب ہے کہ جب آپ پہلے تشہد سے کھڑے ہوتے۔

رفع الیدین کندھوں تک یا کانوں تک ہاتھ اٹھانے سے ہوتا ہے، اس کیلئے دیکھیں: "عمدة القاری" از عینی: (5/7) ، "شرح مسلم "از نووی: (4/95)، "صفة صلاة النبی" از البانی: (87)

واللہ اعلم.